حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل [illegible] میں سے کوئی [illegible] سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ محمود غزنوی کو اس کے ایمان محکم [illegible]

سوال ۳۔ قرآن کریم نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق کیا [illegible]

سوال ۴۔ مسلمانوں کی قومیت ایک نظریاتی قومیت کیوں ہے؟

سوال ۵۔ خان صاحب نے تلوار کیوں نکالی؟

سوال ۶۔ سرسید احمد خان کی زندگی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

سوال ۷۔ پیکنگ (بیجنگ) یونیورسٹی کے طلباء و طالبات نے انشاء صاحب کا استقبال کس طرح کیا؟

سوال ۸۔ ہاسٹل کی زندگی کے متعلق آپ کا کیا خیال ہے؟

سوال ۹۔ قافیہ اور ردیف کے فرق کو واضح کیجئے اور مثال دے کر سمجھایئے۔

سوال ۱۰۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عربوں کی زندگی میں کیا عظیم انقلاب پیدا کر دیا؟

سوال ۱۱۔ ذیل کے الفاظ کی جمع بنایئے۔ ناصر وہم نجم ناظر

سوال ۱۲۔ ذیل کے سابقے اور لاحقے لگا کر الفاظ بنایئے خوار کم سر

سوال ۱۳۔ درج ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

مستعار دینا نام و نمود ہر کس و ناکس سرمایۂ فخر ہونا

حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی تین سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے 08 نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح کیجئے۔

''تم نے اپنے خط میں لکھا ہے'' سائنس کے آدمی۔'' یعقوب صاحب کیا سائنس کے آدمی بھی ہوتے ہیں؟ دنیا کی یہ ساری مصیبتیں اور تباہیاں انہیں حضرات کی بدولت تو ہیں۔''

سوال ۱۵۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی بحوالہ تشریح کیجئے۔

(الف) قوت عشق سے ہر پست کو بالا کر دے دہر میں اسم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اجالا کر دے

(ب) ہم نے دیکھے ہیں وہ سناٹے بھی جب ہر اک سانس صدا ہوتی ہے

سوال ۱۶۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔

بنت بہادر شاہ گزرا ہوا زمانہ

سوال ۱۷۔ ''اسلام کی برکتیں'' اس عنوان پر ایک مضمون لکھئے۔

سوال ۱۸۔ وہ کون سی اہم باتیں جن کے نہ ہونے کی وجہ سے سماجی خدمت کے ادارے پوری طرح کامیاب نہیں ہوتے۔